# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | | سبق کا نام: یہ وطن تمھارا ہے (نظم) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔
سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو چہارم"، گتے کا ڈبا، کاغذ یا چارٹ کی مدد سے کہنی تک بنی آٹھ ہاتھ، جن پر الفاظ اور جملے لکھنے کی جگہ ہو، چارٹ کی مدد سے بنی ہوئی پرچیاں بنائیں جن پر خاص الفاظ کے تحت دیے ہوئے الفاظ لکھے ہوں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کی چھے ٹیمیں بنا دیں۔ نظم میں سے کوئی سے چھے الفاظ مختلف رنگوں کی پرچیوں پر لکھ کر ان کے باہر کی جانب 1 تا 6 نمبر لکھ دیں۔ اب انھیں بند کر کے ایک ٹوکری میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ان پر لکھے ہوئے الفاظ نظر نہ آئیں بلکہ صرف ان پر لکھے ہوئے نمبر نظر آ رہے ہوں۔ اب ہر ٹیم میں سے باری باری ایک بچے کو بلائیں اور اسے ڈبا گھما کر لڈو کے دانے کی طرح لڑھکانے کے لیے کہیں۔ اس ڈبے کی اوپر کی طرف جو نمبر لکھا ہو، بچے سے کہیں کہ وہ ٹوکری میں سے اس نمبر کی پرچی نکال کر کھولے اور اس پر لکھا ہوا لفظ درست تلفظ سے پڑھے اور اس سے متعلق ایک جملہ بولے۔ درست تلفظ ادا کرنے اور درست جملہ بنانے کے چار نمبر ہوں گے۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی دوسرے الفاظ پر باقی گروہوں سے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر جس ٹیم کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ جیت جائے گی۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں سے پوچھیں کہ الفاظ کے معانی اور مفہوم سے آگاہی کیوں ضروری ہے۔ اگر الفاظ کا درست مفہوم معلوم نہ ہو تو انسان کو کس پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟ وغیرہ۔ بچوں کے جوابات لیں۔
- بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 63 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "پاسباں" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔ اسی طرح یہ مشق خاص الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر

حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔ اب بچوں سے اس لفظ کا جملہ بھی بتانے کے لیے کہیں ۔جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط بتانے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے بعد درست جملہ بورڈ پر جملے والے کالم میں لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

- جماعت کے بچوں کے 4 گروہ بنادیں۔ کاغذ یا چارٹ کی مدد سے کہنی تک مبنی 8 ہاتھ بنائیں، جن پر الفاظ اور جملے لکھنے کی جگہ ہو۔ چارٹ کی مدد سے 4 پرچیاں بنائیں جن پر نئے الفاظ کے تحت دیے ہوئے الفاظ لکھے ہوں۔ ایک پرچی پر ایک لفظ لکھا ہو۔ دو ہاتھوں کو اس پرچی کی مدد سے آپس میں گوند کی مدد سے جوڑ دیں۔ کلائیوں پر الفاظ اور جملے لکھنے کی جگہ ہو۔ نمونے کے لیے دی ہوئی تصویر دیکھیں۔
- ایک ٹوکری میں یہ مواد رکھ دیں اور ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بلائیں اور اسے ٹوکری میں سے کوئی سا بھی ہاتھ اٹھانے کے لیے کہیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ گول چھلے پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں، پھر دائیں جانب بنے ہوئے ہاتھ پر اس لفظ کے دو معانی اور بائیں جانب بنے ہوئے ہاتھ پر اس پر مبنی کوئی جملہ لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر تین کالم بنا کر ایک میں الفاظ ،دوسرے میں معانی اور تیسرے میں جملے کی سرخی لکھ دیں۔ الفاظ والے کالم میں خاص الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی لفظ بولیں، جس گروہ کے پاس وہ لفظ آیا ہو گا اس کا کوئی بچہ آکر بورڈ پر اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھے گا اور جملے والے کالم میں اس پر مبنی کوئی جملہ لکھے گا۔ درست معانی اور درست جملہ لکھنے کے دو نمبر ہوں گے۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔
- اب میز پر گتے کا بنا ہوا پہیا رکھیں، جس پر 5 خانے بنے ہوں اور ان خانوں میں 1 تا 5 نمبر لکھے ہوں۔ بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے پہلے پانچ سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔ تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے پہلے 5 سوالات پرچیوں پر لکھ کر انھیں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ اب جماعت میں سے کسی بچے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ پہیا گھمائے۔ جس نمبر پر پہیا رکے گا، اس نمبر کی پرچی بچہ ٹوکری میں سے نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھے گا اور اس سوال کا جواب بورڈ پر متعلقہ سوال کے نیچے لکھے گا۔ اس کے لیے اسے چند سیکنڈ کا وقت دیا جائے گا، مقررہ وقت میں جواب نہ دینے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کے بچے کو موقع دیا جائے گا۔ آخر میں جس گروہ نے زیادہ سوالات کے درست جواب لکھے ہوں گے، وہ فاتح قرار پائے گا۔

**اعادہ:**(3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5 منٹ) بچوں کے تین گروہ بنادیں۔ ایک گروہ کوئی لفظ بولے، دوسرا گروہ اس کا معانی بتائے اور تیسرا گروہ اس کا کوئی جملہ بتائے۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) "پاسباں، رنگ و آب، آفتاب، بحر و بر، چمن، برگ و بار، داستان، میرِ کارواں" کے جملے کاپیوں پر لکھ کر لائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: یہ وطن تمھارا ہے (نظم) | |

**مقاصد:** درست لفظ کی مدد سے مصرعے مکمل کر سکیں۔
کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو چہارم"، سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں، چار کارڈ، پلاسٹک کی تھیلیاں گتے کا پہیا، جس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں، تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات پر مبنی پرچیاں، گتے کا پہیا

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- گزشتہ روز کے کام کا جائزہ لینے کے لیے ایک دل چسپ سرگرمی کریں۔
- بچوں کے سامنے میز پر گتے کا بنا ہوا پہیا اس طرح سے رکھیں کہ بچے اسے آسانی سے دیکھ سکیں۔ پہیا آسانی سے گھوم سکتا ہو اور اس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ اب میز پر پہیے کے پاس ایک ٹوکری رکھیں۔ تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات پرچیوں پر لکھ کر ان پر بھی ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیوں کے ایک طرف سوال اور دوسری طرف نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- اب کمرہ جماعت میں سے کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ پہیا گھمائے۔ پہیا گھومتا ہوا جس نمبر پر رکے گا۔ بچے کو اس نمبر کی پرچی دیں ۔ بچہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھے گا اور اس کا جواب بتائے گا۔ اس طرح یہ سرگرمی جماعت کے باقی بچوں سے باقی پرچیوں پر بھی کروائیں۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- بچوں کو ایک بار نظم "کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 2 کا کوئی مصرع لکھ دیں اور بچوں سے اس سے آگے والا مصرع پوچھیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بلا کر اس سے بورڈ پر اگلا مصرع لکھوائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط پر کسی دوسرے بچے کو موقع دیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی چند دوسرے مصرعوں پر مختلف بچوں سے کروائیں۔ اس سرگرمی کا مقصد بچوں کو اگلی سرگرمی کے لیے تیار کرنا ہے۔
- بچوں سے کہیں کہ آج ہم نظم سے متعلق مصرعے مکمل کرنے کی سرگرمی کریں گے۔

- بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے مصرعوں پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی پٹیاں (Strips) دیں، جن کے سامنے دو ڈبے بنے ہوں جن میں دو الفاظ لکھے ہوں۔ ان میں سے ایک لفظ نظم کے مطابق درست اور باقی دو الفاظ غلط ہوں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ پٹیوں (Strips) پر لکھا ہوا مصرع پڑھیں پھر پرچیوں پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور ان میں سے درست لفظ چن کر پٹیوں میں دی گئی خالی جگہ میں لکھ کر مصرع مکمل کریں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر وہی ادھورے مصرعے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں۔ اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے مصرعوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا مصرع آیا تھا، پھر خالی جگہ میں درست لفظ لکھ کر مصرع مکمل کرے۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے دوسرے مصرعوں پر کروائیں۔ جو گروہ یہ سرگرمی درست طور پر کرے گا، وہ جیت جائے گا۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب پر دیا ہوا سوال نمبر 2 بورڈ سے دیکھ کر حل کریں۔ اس دوران میں ان کی رہنمائی کریں۔
- سوال نمبر 3 میں دیئے گئے سوال کو حل کرنے کے لیے کالم الف اور کالم ب کو بورڈ پر لکھیں، اور متفرق بچوں سے مصرعے مکمل کروا کر کالم ملائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) ایک ٹوکری میں جماعت کے تمام بچوں کے ناموں کی پرچیاں ڈال دیں۔ تختہ تحریر پر سوال نمبر 2 میں دیے گئے نامکمل مصرعے لکھ دیں۔ جماعت کے بچوں سے ٹوکری میں سے کوئی سے 5 بچوں کے نام نکلوائیں اور ان سے بورڈ پر لکھے ہوئے مصرعے مکمل کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا سبق دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | | سبق کا نام: یہ وطن تمھارا ہے (نظم) | |

**مقاصد:** جملوں کی بے ربطی اور عدم تسلسل کو درست کر سکیں۔
اکسٹھ تا ستر لفظی گنتی لکھ سکیں۔
نظم کو لَے اور آہنگ سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، سوال نمبر 5 میں دیے گئے بے ترتیب جملوں کے الفاظ پر مبنی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ بچوں سے گزشتہ روز کروائے گئے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- بورڈ پر چار سے پانچ جملوں کے الفاظ پر مبنی چارٹ کے بنے ہوئے کارڈ بے ترتیبی سے لگا دیں۔ بچوں سے سوال کریں کہ کیا ان الفاظ کی ترتیب درست ہے؟ ہاتھ بلند کروا کے بچوں سے جواب لیں۔ کسی بچے سے کہیں کہ وہ بلند آواز میں پہلی سطر میں لکھے ہوئے الفاظ کو پڑھے۔ اب جماعت کے بچوں سے سوال کریں کہ کیا انھیں کوئی بات سمجھ میں آئی ہے؟ بچوں سے ان کے جواب لیں۔ اب اسی بچے سے الفاظ کی ترتیب کو درست کر کے جملہ لکھنے کے لیے کہیں۔ اب دوبارہ بچوں سے سوال کریں کہ کیا اب انھیں بات سمجھ میں آئی ہے؟ بچوں سے ان کے جواب لیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی تمام جملوں پر کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں اگرچہ ہم ہر لفظ کا مطلب بھی جانتے ہوں لیکن، اگر الفاظ کی ترتیب درست نہ ہو تو بات یا پیغام سمجھ میں نہیں آتا۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم الفاظ کی ترتیب کو درست کر کے جملہ سازی سیکھیں گے۔
- اب بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ آپ باری باری کچھ بے ترتیب جملے بولیں گی یا گے، بچے غور سے جملے سنیں گے اور پھر ان می موجود بے ربطی کی نشان دہی کر کے ان کا ربط درست کر کے درست جملے بولیں گے۔
- اب کتاب کے سوال نمبر 5 میں دیا گیا جملہ با آواز بلند بولیں اور وہ جملہ بورڈ پر بھی لکھ دیں تا کہ بچوں کے لیے آسانی ہو۔ جس گروہ کے بچے پہلے ہاتھ کھڑا کریں، انھیں درست جملہ سنانے کا موقع دیں۔

- درست جملہ سنانے پر حوصلہ افزائی اور غلط پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ دونوں کو ایک ایک باجا دے دیں۔ سوال نمبر 5 کے تحت دیے گئے بے ترتیب جملوں میں سے ایک جملے کے الفاظ بولیں۔ بچوں کو الفاظ سن کر ان میں بے ربطی کی نشان دہی کر کے ترتیب درست کر کے جملے دوبارہ بتانے کے لیے کہیں۔ جو گروہ پہلے باجا بتائے، اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر بھی کروائیں۔ درست جملے بنانے والے گروہ کو شاباش دیں۔
- ایک ٹوکری میں 61 تا 70 ہندسی گنتی کی پرچیاں ڈال دیں۔ جماعت میں سے باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ٹوکری میں سے پرچیاں اٹھانے اور اپنی سیٹوں پر واپس جانے کے لیے کہیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھول کر ان پر لکھے ہوئے ہندسے پڑھیں اور ان کی لفظی گنتی سوچیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک میں لفظی گنتی اور دوسرے میں اردو ہندسی گنتی کی سُرخی لکھیں۔ دی گئی لفظی گنتی کی اردو ہندسی گنتی لکھتے جائیں، اور بچوں کی خواندگی کرواتے جائیں۔
- اب بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ یہ کالم اپنی کاپیوں پر اُتاریں۔
- سوال نمبر 8 میں دی گئی نظم کو متفرق بچوں سے درست تلفظ، لَے اور آہنگ سے پڑھوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) سوال نمبر 5 میں دیے گئے بے ترتیب والے جملے لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے جملوں می موجود بے ربطی کی نشان دہی کروا کر جملے درست کروا کر لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کرنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: یہ وطن تمھارا ہے (نظم) | |

**مقاصد:** واحد کو جمع اور جمع کو واحد حالت میں تبدیل کر سکیں۔
اشعار کو نثر میں تبدیل کر سکیں۔
مکالمہ تبدیل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، گیند، الفاظ مفسر، معلم، ماہر، تابع، ناظر، صابر" اور ان کے جمع الفاظ پر مشتمل پرچیاں، دو ٹوکریاں، گتے کا ڈبا

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔
- اس سرگرمی کے لیے ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔ ڈبے کی اطراف میں رنگ برنگ کاغذ چڑھالیں۔ ڈبے کی اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنادیں مشکل الفاظ کی پرچیاں بنائیں اور وہ ان جیبوں میں ڈال دیں مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کو بند ضرور کر دیں۔
- بچوں کے چھے گروہ بنادیں۔ کسی ایک گروہ کے بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے لڈو کا دانہ پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس کی جیب سے پرچی نکال کر اس پر لکھا لفظ بچے سے بولنے کو کہیں۔ درست تلفظ پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہ کے بچوں سے بھی کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم واحد الفاظ اور ان کی جمع لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں واحد اور دوسرے میں جمع کی سرخی لکھ دیں۔ واحد الفاظ والے کالم میں لفظ " معلم " لکھیں اور بچوں سے اس کی خواندگی کروائیں۔ اب بچوں سے اس کا جمع پوچھیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی پر اصلاح کریں۔ اب اس لفظ کے سامنے جمع والے کالم میں لفظ " معلمین " لکھیں اور اس کی بلند خوانی کروائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ جن واحد الفاظ کے آخر میں "ا" آتا ہے انکی جمع بنانے کے لیے ان الفاظ کے آخر میں "ئیں" کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ بورڈ پر مثالوں کے ذریعے سے اس کی وضاحت کریں۔

- دو ٹوکریوں میں الفاظ "سدا، دُنیا، رِدا، صدا،، ہوا، قبا" اور ان کے جمع الفاظ پر مشتمل پرچیاں ڈال دیں۔ دونوں ٹوکریاں بچوں کے سامنے اپنے میز پر اس طرح سے رکھیں کہ تمام بچے انھیں آسانی سے دیکھ سکیں۔ جماعت کے مختلف بچوں کو باری باری بلا کر انھیں ان ٹوکریوں میں سے پرچیاں اٹھانے کے لیے کہیں۔ ایک بچہ صرف ایک پرچی اٹھائے گا۔ پھر بچے واپس جا کر اپنی نشستوں پر بیٹھ جائیں گے۔ جب تمام پرچیاں بچے اٹھالیں تو بورڈ پر دو کالم بنادیں۔ ایک کالم پر واحد اور دوسرے کالم پر جمع کی سرخی لکھ دیں۔
- جماعت کے بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے پاس موجود الفاظ کی پرچیاں دیکھیں۔ کوئی لفظ بولیں، جس بچے کے پاس اس لفظ کی پرچی ہو گی وہ جلدی سے آکر بورڈ کے سامنے الفاظ والے کالم کے پاس کھڑا ہو جائے گا اور اپنی پرچی پر لکھا ہو الفظ پڑھے گا۔ اس لفظ کے جمع لفظ کی پرچی جس بچے کے پاس ہو گی، وہ بھی بلند آواز میں وہ لفظ پڑھے گا اور آکر جمع الفاظ والے کالم کے پاس کھڑا ہو جائے گا۔ اس طرح یہ سرگرمی تمام واحد الفاظ اور ان کے جمع الفاظ پر کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر جیتنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم اشعار کی نثر بنانا سیکھیں گے۔ سوال نمبر 11 کے اشعار کو استاد تختہ تحریر پر لکھ لیں۔ بچوں سے ایک بار ان کی خواندگی کروائیں۔ اشعار کی نثر کروانے کے لیے استاد بچوں کی رہنمائی کریں کہ اشعار میں موجود الفاظ کی ترتیب کو اس طرح سے ترتیب دیں کہ جس سے ایک سادہ جملہ بن جائے۔
- حمد کے کسی ایک مصرعے کی نثر بطور مثال استاد خود بنا کر دکھائیں۔
- **مصرع: ارضِ پاک مرکز ہے قوم کی امیدوں کا**
- **نثر: قوم کی امیدوں کا مرکز ارضِ پاک ہے۔**
- اب چار پرچیوں پر 1 تا 4 نمبر لکھیں اور انھیں بند کر کے ایک ٹوکری میں دال دیں۔ بچوں کے چار گروہ بنادیں اور انھیں باری باری ٹوکری میں سے ایک ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا نمبر پڑھیں۔ ان کے پاس جن نمبر کی پرچی آئے گی، وہ سوال نمبر 11 کے تحت دیے ہوئے اشعار کی نثر کرے گا۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ تفویض کردہ مصرعے کی مل کر نثر کریں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے اس کی بنائی ہوئی نثر سنیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ اگر کوئی گروہ درست نثر نہ بنا سکے تو دوسرے گروہ سے بنوائیں۔ کوشش کریں کہ بچے خود ہی ان مصرعوں کی نثر بنائیں۔ بورڈ پر مصرعے لکھ کر خود ان کی نثر بنائیں اور پڑھائیں۔
- سوال نمبر 12 کی سرگرمی کے لیے بچوں کو مکالمہ کی تعریف بتائیں، بعد ازاں بچوں سے دیئے گئے موضوع پر مکالمہ لکھوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

| |
|---|
| **جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں واحد اور دوسرے میں جمع کی سرخی لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | اسباق کے نام: بہار کے دِن ، قومی شناخت (دہرائی) | |

**مقاصد:** تمام اسباق کی دہرائی کریں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت چہارم کی کتاب، ورک شیٹ۔

**تحریکی سرگرمی:** (3منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کرکے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ میں دیے گئے الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر تمام اسباق کے الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کرکے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (3منٹ)

- طلبہ کو بتائیں کہ وہ مندرجہ بالا تمام اسباق کی دہرائی کرنے جارہے ہیں تاکہ امتحانات کے لیے تیاری مزید بہتر ہوجائے۔
- تمام اسباق میں سے سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے باری باری ان کے جوابات پوچھیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اسی طرح اسباق کے باقی سوالات کی نشان دہی کرتے جائیں اور بچوں کو دہرائی کروائیں۔
- اگر کسی بچے کو پڑھنے میں وقت پیش آرہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- آخر میں تمام اسباق کا مکمل اعادہ کروائیں تاکہ بچوں کو تمام نکات کی سمجھ آجائے۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** (0منٹ) N/A

**جائزہ:** (2منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

# ورک شیٹ

30منٹ

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| نِکھار | | راحت فِزا | |
| چٹکنا | | دِل کشی | |
| خصوصیّت | | مُفید | |
| مُنفرِد | | معلُومات | |

(ب) دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

قومی شناخت سے کیا مراد ہے؟

---

ہمارے ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان کیوں رکھا گیا؟

---

پھولوں کی کلیاں کس موسم میں نکھرتی ہیں؟

---

نظم کے مطابق صبح اور شام کا مناظر بیان کریں۔

---

(ج) درست جملے کے سامنے ( ✓ ) اور غلط جملے کے سامنے ( ✗ ) کا نشان لگائیں۔

الف بچّوں کو کہانی سُنانے نانی جان کمرے میں آئیں۔ ☐

ب حمزہ کو سوال پُوچھنے کی عادت تھی۔ ☐

ج ہمارا مُلک پاکِستان مذہب اِسلام کے نام پر حاصل کِیا گیا۔ ☐

د ہمارے پرَچم کا سفید رنگ مُسلمانوں کی نمائندگی کرتا ہے۔ ☐

ہ ہمارے مُلک کا قومی لباس شلوار قمیص ہے۔ ☐

(د) کالم الف کو کالم ب ملا کر مصرعے مکمل کریں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| کلیاں کیا کیا چٹک رہی ہیں | گویا جنّت کا دَر کُھلا ہے |
| خُوش خُوش ہر ایک آدمی ہے | سبزی میں جھلک رہی ہے سُرخی |
| ہَلکی ہَلکی یہ اُن کی خُوش بُو | ہر شے میں بَلا کی دِل کشی ہے |
| کِتنی راحت فِزا ہَوا ہے | پھَیلی ہُوئی ہے چمَن میں ہر سُو |
| کونپَل ہر اِک ہے کیسی پیاری | ساری رَوِشیں مہک رہی ہیں |

(ر) دیے گئے الفاظ میں سے اسم عام (اسم نکرہ) اور اسم خاص (اسم معرفہ) الگ الگ خانوں میں لکھیں۔

| اِسمِ عام | | | | اِسمِ خاص |
|---|---|---|---|---|
| | پاکستان | میز | قائدِاعظم رَحمۃُ اللہِ علیہ | |
| | کراچی | فاطمہ جناح رَحمۃُ اللہِ علیہا | لوگ | |
| | مُلتان | پرندہ | علّامہ اقبال رَحمۃُ اللہِ علیہ | |
| | آدمی | درخت | ستارہ | |
| | | | | |
| | | | | |

(ز) دیے گئے جملے درست الفاظ کی مدد سے مکمل کریں۔

الف) پرندے اپنے __________ پھیلا کر اُڑتے ہیں۔

ب) خالی جگہ __________ کریں۔

ج) مجھے __________ بازار جانا ہے۔

د) میرے پاس __________ پانچ کِتابیں ہیں۔

ہ) ہر مُسلمان پر __________ حاصل کرنا فرض ہے۔

و) جنگ میں __________ بلند رکھا جاتا ہے تاکہ فوج کا حوصلہ بلند رہے۔

پُر — پَر

گُل — گَل

عَلم — عِلم

(س) دیے گئے معمے میں سے قومی علامات کے الفاظ کے حروف تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ لگائیں۔

ہاکی

چکور

چنبیلی

آم

مارخور

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| چ | م | ہ | ک | چ |
| ک | ا | ا | ض | ن |
| و | ر | ک | آ | ب |
| ر | خ | ی | م | ے |
| ڑ | و | ل | ن | ل |
| غ | ر | ژ | ٹ | ی |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | اسباق کے نام: عظیم بادشاہ ، صفائی میں صحت ہے ، یہ وطن تمھارا ہے (دہرائی) | |

**مقاصد:** تمام اسباق کی دہرائی کریں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت چہارم کی کتاب، ورک شیٹ۔

**تحریکی سرگرمی:** (3منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کرکے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ میں دیے گئے الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر تمام اسباق کے الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کرکے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (3منٹ)

- طلبہ کو بتائیں کہ وہ مندرجہ بالا تمام اسباق کی دہرائی کرنے جارہے ہیں تاکہ امتحانات کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- تمام اسباق میں سے سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے باری باری ان کے جوابات پوچھیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اسی طرح اسباق کے باقی سوالات کی نشان دہی کرتے جائیں اور بچوں کو دہرائی کروائیں۔
- اگر کسی بچے کو پڑھنے میں وقت پیش آرہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- آخر میں تمام اسباق کا مکمل اعادہ کروائیں تاکہ بچوں کو تمام نکات کی سمجھ آجائے۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** (0منٹ) N/A

**جائزہ:** (2منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

# ورک شیٹ

30منٹ

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| محصُول | | ہر دِل عزیز ہونا | |
| مُبتلا | | اَفراتفری | |
| حفظانِ صحّت | | گُھل مِل کر | |
| برہم ہونا | | آیندہ | |
| آفتاب | | دَاستان | |
| بحر و بَر | | میرِ کارواں | |

(ب) دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

احمد بن طولون کون تھا؟

احمد بن طولون نے محصول اکٹھا کرنے والے افسر کو بلوا کر کیا کہا؟

احمد بن طولون کی وفات کے وقت سرکاری خزانے کے کیا حالات تھے؟

بازار کی چیزیں کیسے تیار کی جاتی ہیں؟

صحت مند رہنے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

جراثیم جسم میں داخل ہو کر کیا کرتے ہیں؟

شاعر اس نظم میں کس سے مخاطب ہے؟

”نظم وضبط کو اپنا میر کارواں جانو“ سے کیا مراد ہے؟

اس نظم میں قدرت کی کن نشانیوں کا ذکر کیا گیا ہے؟

(ج) درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

الف) رات سے بُخار تھا:

(i) امّی جان کو (ii) عالیہ کو (iii) بھائی کو (iv) ابّا جان کو

ب) عالیہ نے ریڑھی سے کھائے تھے:

(i) آلو چنے (ii) دہی بھلے (iii) سموسے (iv) کباب

ج) بازار کی کھانے کی اکثر چیزیں تیّار کی جاتی ہیں:

(i) صاف سُتھرے مال سے (ii) سستے مال سے (iii) ناقص مال سے (iv) عُمدہ مال سے

د) عالیہ سے بات کرتے ہُوئے ڈاکٹر صاحب کی نظر پڑی:

(i) عالیہ کے ناخُنوں پر (ii) عالیہ کے پاؤں پر (iii) عالیہ کے سر پر (iv) عالیہ کی گردن پر

ہ) ہر اِنسان کو اپنے دانت صاف کرنے چاہییں:

(i) ہر صُبح (ii) ہر دوپہر (iii) ہر شام (iv) صُبح و شام

و) ناخن تراشنے چاہییں:

(i) ہفتے میں ایک مرتبہ (ii) ہفتے میں دو مرتبہ (iii) ہفتے میں تین مرتبہ (iv) ہر روز

ز) ورزش کرنی چاہیے:

(i) ہر روز (ii) ہفتے میں ایک مرتبہ (iii) ہفتے میں دو مرتبہ (iv) ہفتے میں تین مرتبہ

(د) درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

الف) عباسی خلیفہ نے اہلِ مِصر پر ناجائز ٹیکس لگا رکھے تھے۔ ☐

ب) ٹیکس ختم کرنے سے سرکاری خزانے کو کوئی نقصان نہ پہنچا۔ ☐

ج) محصول ختم ہونے پر عوام کو کوئی خُوشی نہ ہُوئی۔ ☐

د) شکار پر جاتے ہُوئے ایک گھوڑے کا پاؤں زمین میں دھنس گیا۔ ☐

ہ) احمد بن طولون ایک نیک صِفت بادشاہ تھا۔ ☐

(ز) سیب اور شملہ مرچ میں موجود الفاظ میں سے اسم خاص کے گرد ☐ اور اسم عام کے گرد ◯ کا نشان لگائیں۔




